# معذوریوں کے حامل والدین اور سرپرستوں کے لیے رہنمائے خاندان

Department of Education

# فہرستِ مشمولات


چانسلر کی جانب سے خط ........................................3

دفترِ میئر کے کمشنر کی جانب سے خط برائے معذوریوں کے حامل افراد......5

درخواست دینا اور اپنے بچے کو اسکول میں داخل کروانا.....................7

اسکول کی عمارت کا قابلِ رسائی ہونا اور سہولیات ....................23

اسکول کے ذرائع آمدورفت........................................ 26

طالب علم کی حاضری ........................................ 32

ویب سائٹ کا دوبارہ ڈیزائن......................................33

خاندانی شمولیت کے لیے مواقع ......................................34

# چانسلر کی جانب سے خط

عزیز اہلِ خانہ:

زندگی بھر ایک تعلیم دان ہونے کے ناطے، مجھے معلوم ہے کہ والدین شرکا ہوتے ہیں اور آپ کی شمولیت اسکول میں آپ کے بچے کی کامیابی کے لیے انتہائی اہم ہے۔ یہ رہنمائی ہمارے کام کا ایک حصہ ہے یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کے پاس وہ معلومات ہوں جن کی آپ کو اپنے بچے کی ابتدائی تعلیم میں معاونت کرنے کے لیے ضرورت ہے۔

سب سے پہلے اور نہایت اہم، ہم اپنے اسکولوں کو تمام خاندانوں کے لیے قابلِ رسائی اور دوستانہ جگہیں بنانے کے لیے محنت کرتے ہیں؛ ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہمارے اسکولوں میں آرام دہ اور خود کو بااختیار محسوس کریں۔

یہ رہنمائی معذوریوں کے حامل والدین اور سرپرستوں کے لیے سہولیات کی وضاحت کرتی ہے جبکہ وہ اپنے بچے کے اسکول کے تجربے کی چھان بین کر رہے ہوتے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ یہ معلومات آپ کے بچے کی پری کنڈرگارٹن سے فارغ التحصیل ہونے تک پیش رفت میں معاونت کرنے میں آپ کی مدد کرے گی۔

اس رہنمائی کے علاوہ، میں آپ کو ترغیب دیتی ہوں کہ اپنے بچے کے اسکول میں شمولیت کرنے کے لیے ان تمام مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔ ہمارے پروگرام صرف والدین اور آپ جیسے حمایتیوں کی معاونت سے ہی بہتر ہو سکتے ہیں۔ آپ کے بچے کی تعلیم کے بارے میں کوئی بھی سوالات یا تشویشیں جو آپ کو لاحق ہو سکتی ہیں کے متعلق بات چیت کرنے کے لیے آپ کے بچے کا استاد اور پرنسپل ہمیشہ دستیاب ہیں۔ آپ کا اس رہنمائی کے آخر میں خلاصہ کردہ والدین کی تنظیموں میں سے ایک یا زائد

میں حصہ لینے کے لیے بھی خیرمقدم ہے۔ یہ آپ کے لیے اپنے خیالات کا اشتراک کرنے اور ہمارے اسکولوں کو مضبوط تر بنانے میں ہماری مدد کرنے کے بہترین طریقے ہیں۔

میں آپ کو ترغیب دیتی ہوں کہ محکمئہ تعلیم کے ڈویژن برائے برادری اور اہل خانہ کی شمولیت کی ویب سائٹ (http://schools.nyc.gov/Offices/FACE/default.htm) پر جا کر اپنے بچے کے اسکول میں والدین کے لیے دیگر مواقع کے متعلق مزید جانیں۔ یہ شعبہ والدین کی کونسل کے انتخابات کا انتظام کرتا ہے، ورکشاپس کی پیشکش کرتا ہے، اور اپنے بچے کے اسکول میں مزید شامل ہونے میں آپ کی مدد کے لیے دیگر تقریبات کی کفالت کرتا ہے۔

ہم آپ کے ساتھ شراکت داری کرنے کے منتظر ہیں اور میں آپ کے بچے کی کامیابی کے لیے مستقل تعاون کے لیے آپ کی شکرگزار ہوں۔

مخلص،
Carmen Fariña
اسکول چانسلر

# دفترِ میئر کے کمشنر کی جانب سے خط برائے معذوریوں کے حامل افراد

عزیز اہلِ خانہ:

دفترِ میئر برائے معذوریوں کے حامل افراد (MOPD) مقامی، ریاستی اور وفاقی حکومت نیز نجی کاروباری اداروں اور تنظیموں میں معذوریوں کے حامل افراد کے حقوق کی وکالت کرتا ہے۔ ہمارا ہدف اور بصیرت نیویارک شہر کو دنیا بھر میں سب سے زیادہ قابلِ رسائی شہر بنانا ہے۔ ہم نے ایک رپورٹ، (قابلِ رسائی) AccessibleNYC (http://www1.nyc.gov/site/mopd/initiatives/accessiblenyc.page) "نیویارک شہر میں مقیم معذوریوں کے حامل افراد کی کیفیت پر ایک سالانہ رپورٹ" تحریر کی ہے، جو ان مسائل پر توجہ دیتی ہے جو معذوریوں کے حامل افراد کو آمدورفت، ملازمت، صحت، رہائش، اور شہری خدمات، بشمول تعلیم تک رسائی میں درپیش ہیں۔

محکمۂ تعلیم (DOE) یہ یقینی بنانے کے لیے کام کرتا ہے کہ معذوریوں کے حامل طلباء و طالبات کو اپنے ہم جماعتوں ہی کی طرح اعلیٰ معیار کی تعلیم ملے۔ اس میں شامل ہے کلاس رومز میں مشمولہ مواقع تک رسائی مہیا کرنا، امدادی ٹیکنالوجی، مطابقت پذیر کھیل، اور اسکول کے قابل رسائی مقامات۔ MOPD اپنی تمام خدمات میں رسائی فراہم کرنے کے لیے DOE کے ساتھ کام کرتا ہے۔

ہمیں بہت فخر ہے کہ DOE نے معذوریوں کے حامل والدین اور سرپرستوں کے لیے یہ پہلی اہل خانہ رہنمائی تشکیل دی ہے۔ یہ رہنمائی ان لوگوں کی مدد کرے گی جو سہولیات اور قابلِ رسائی مواد کے متلاشی ہیں، اور اسکول کے قابلِ رسائی ہونے، قابلِ رسائی سفر کرنے کے انتخابات اور والدین کی مشغولیت کے لیے مواقع فراہم کرے گی۔

مجھے امید ہے کہ یہ رہنمائی آپ کے بچے کی تعلیم کی منصوبہ بندی میں ایک گراں قدر ذریعہ ہے۔

مخلص،
Victor Calise
کمشنر
دفترِ میئر برائے معذوریوں کے حامل افراد

## درخواست دینا اور اپنے بچے کو اسکول میں داخل کروانا

نیویارک شہر میں، طلباء و طالبات اپنی عمر کی بنیاد پر داخلوں کے ایک عمل کے ذریعے اسکول میں داخل ہوتے ہیں:

- کنڈرگارٹن - پانچ سال کی عمر کو پہنچ رہے بچے (تعلیمی سال کے 31 دسمبر سے پہلے)
- قابل اور ہنرمند - کنڈر گارٹن سے لے کر تیسرے گریڈ میں داخل ہونے والے بچے
- مڈل اسکول - گریڈ 5 کے موجودہ طلباء و طالبات
- ہائی اسکول - گریڈ 8 کے موجودہ طلباء و طالبات

مزید برآں، وہ بچے جو تقویمی (کیلنڈر) سال کے 31 دسمبر تک تین سال کے ہوتے ہیں ایک 3-K **فار آل** (http://schools.nyc.gov/3k) پروگرام میں داخل ہو سکتے ہیں، اور وہ بچے جو تقویمی سال کے 31 دسمبر تک چار سال کے ہوتے ہیں ایک **پری کے فار آل** (http://schools.nyc.gov/prek) پروگرام میں داخل ہو سکتے ہیں۔

کنڈرگارٹن سے لے کر آٹھویں گریڈ تک کے وہ طلباء و طالبات جو ذیل میں خلاصہ کردہ داخلوں کے عمل کے بعد نیویارک شہر میں منتقل ہوتے ہیں اپنے زون شدہ اسکول میں جا کر داخلہ لے سکتے ہیں، اگر ان کا کوئی زون شدہ اسکول ہو، یا

دستیاب انتخابات کے متعلق جاننے کے لیے خاندانی استقبالیہ مرکز (http://schools.nyc.gov/welcomecenters) میں جا کر داخلہ لے سکتے ہیں۔ ہائی اسکول کے تمام طلباء و طالبات انتخابات پر تبادلۂ خیال کرنے کے لیے ایک خاندانی استقبالیہ مرکز میں جا کر داخلہ لے سکتے ہیں۔ ایک اسکول زون کا تعین کرنے کے لیے، براہِ کرم School Search (اسکول سرچ) (http://schools.nyc.gov/SchoolSearch) پر جائیں یا 311 پر رابطہ کریں۔

خاندانی استقبالیہ مراکز کے مقامات اور اضلاع ذیل میں درج کیے گئے ہیں۔ خاندان کسی بھی خاندانی استقبالیہ مرکز پر تشریف لے جا سکتے ہیں، حتیٰ کہ اگر وہ اس ضلع میں نہیں بھی رہتے۔ داخلوں یا خاندانی استقبالیہ مراکز کے متعلق سوالات کے لیے، 718-935-3500 پر رابطہ کریں۔ تمام خاندانی استقبالیہ مراکز قابلِ رسائی ہیں۔

خاندان ای میل کے ذریعے تازہ ترین خبروں کے لیے سائن اپ کر کے درخواست دینے اور داخلہ لینے کے متعلق تازہ ترین خبریں حاصل کر سکتے ہیں (http://schools.nyc.gov/Subscribe/default.htm)۔

**Bronx**

1 Fordham Plaza, 7th Floor
Bronx, NY 10458
جن اضلاع کو خدمات فراہم کرتے ہیں: 7, 9, 10

1230 Zerega Avenue, Room 24
Bronx, NY 10462
جن اضلاع کو خدمات فراہم کرتے ہیں: 8, 11, 12

**Brooklyn**

415 89th Street, 5th Floor
Brooklyn, NY 11209
جن اضلاع کو خدمات فراہم کرتے ہیں: 20, 21

1665 St. Marks Avenue, Room 116
Brooklyn, NY 11233
جن اضلاع کو خدمات فراہم کرتے ہیں: 19, 23, 32

29 Fort Greene Place (BS12)
Brooklyn, NY 11217
جن اضلاع کو خدمات فراہم کرتے ہیں: 13, 14, 15, 16

1780 Ocean Avenue, 3rd Floor
Brooklyn, NY 11230
جن اضلاع کو خدمات فراہم کرتے ہیں: 17, 18, 22

**Manhattan**

333 Seventh Avenue, 12th Floor; Room 1211
New York, NY 10001
جن اضلاع کو خدمات فراہم کرتے ہیں: 1, 2, 4

388 West 125th Street, 7th Floor; Room 713
New York, NY 10027
جن اضلاع کو خدمات فراہم کرتے ہیں: 3, 5, 6

**Queens**

28-11 Queens Plaza North, 3rd Floor
Long Island City, NY 11101
جن اضلاع کو خدمات فراہم کرتے ہیں: 24, 30

30-48 Linden Place, 2nd Floor
Flushing, NY 11354
جن اضلاع کو خدمات فراہم کرتے ہیں: 25, 26

90-27 Sutphin Boulevard, 1st Floor
Jamaica, NY 11435
جن اضلاع کو خدمات فراہم کرتے ہیں: 27, 28, 29

**Staten Island**

715 Ocean Terrace, Building A
Staten Island, NY 10301
جس ضلع کو خدمات فراہم کرتے ہیں: 31

**3-K فار آل**
nyc.gov/3K

بچے اس تقویمی سال 3-K میں شرکت کرنے کے اہل ہیں جس سال وہ تین برس کے ہوتے ہیں، اور اس سال کے بہار کے اوائل میں 3-K پروگراموں میں درخواست دے سکتے ہیں۔ خاندان دس زبانوں میں ایک درخواست آن لائن جمع کروا سکتے ہیں (http://schools.nyc.gov/applyonline)، 311 پر کال کرتے ہوئے بذریعہ فون، یا خاندانی استقبالیہ مرکز میں ذاتی طور پر تشریف لے جا کر (http://schools.nyc.gov/welcomecenters)۔

نیویارک شہر کے تمام خاندان حصہ لینے کے اہل ہیں، تاہم وہ لوگ جو اس ضلع میں رہتے ہیں جس میں پروگرام واقع ہے انہیں ترجیح حاصل ہو گی۔ خزاں 2017 میں آغاز کرتے ہوئے، 3-K فار آل اسکولی اضلاع 7 اور 23 میں دستیاب ہیں، اور سنہ 2020 تک مندرجہ ذیل اسکولی اضلاع تک توسیع پائیں گے۔

- خزاں 2017: اسکولی اضلاع 7 (South Bronx) اور 23 (Brownsville, East New York, Ocean Hill)
- خزاں 2018: اسکولی اضلاع 4 (East Harlem) اور 27 Broad Channel, Howard Beach, Ozone) (Park, Rockaways
- خزاں 2019: اسکولی اضلاع 9 Grand Concourse,) (Highbridge, Morrisania اور 31 (Staten Island)
- خزاں 2020: اسکولی اضلاع 19 (East New York) اور 29 (Cambria Heights, Hollis, Laurelton, Queens Village, Springfield Gardens, St. Albans)

آن لائن درخواست سکرین ریڈرز، پرسنل کمپیوٹر کی سیٹنگز، یا امدادی ٹیکنالوجی کے ساتھ دیکھی جا سکتی ہے۔ ایسے خاندان جنہیں درخواست بڑے پرنٹ میں یا بریل کاغذ پر چاہیئے وہ ای میل کر سکتے ہیں ESenrollment@schools.nyc.gov یا 311 پر رابطہ کر سکتے ہیں تاکہ انہیں بذریعہ ڈاک بھیج دی جائے یا درخواست کرنے پر ایک خاندانی استقبالیہ مرکز پر سے لینے کے لیے دستیاب کی جائے۔

خاندان پروگرام کے انتخابات کا جائزہ لے سکتے ہیں 3-K فائنڈر میں (http://maps.nyc.gov/3k)، یا خاندانی استقبالیہ مرکز پر جا کر یا 311 پر رابطہ کر کے۔ 3-K پروگرام کی رسائی کی سطح کے متعلق مزید معلومات کے لیے، مزید جاننے اور ایک دورہ طے کرنے کے لیے براہِ راست پروگرام سے رابطہ کریں۔ خاندان مزید معلومات کے لیے earlychildhood@schools.nyc.gov پر ای میل بھی کر سکتے ہیں۔

**پری کنڈرگارٹن داخلے**
nyc.gov/prek

بچے اس تقویمی سال پری کنڈرگارٹن میں شرکت کر سکتے ہیں جس سال وہ چار سال کے ہوتے ہیں، اور وہ اس سال بہار کے اوائل میں پری کنڈرگارٹن پروگراموں میں درخواست دے سکتے ہیں۔ خاندان دس زبانوں میں ایک درخواست آن لائن جمع کروا سکتے ہیں (http://schools.nyc.gov/applyonline)، 311 پر کال کرتے ہوئے بذریعہ فون، یا یا خاندانی استقبالیہ مرکز پر ذاتی طور پر تشریف لے جا کر (http://schools.nyc.gov/welcomecenters)۔

آن لائن درخواست سکرین ریڈرز، ذاتی کمپیوٹر کی سیٹنگز، یا امدادی ٹیکنالوجی کے ساتھ دیکھی جا سکتی ہے۔ ایسے خاندان جنہیں درخواست بڑے پرنٹ میں یا بریل کاغذ پر چاہیئے وہ ای میل کر سکتے ہیں ESenrollment@schools.nyc.gov پر یا 311 پر رابطہ کر سکتے ہیں تاکہ انہیں درخواست بذریعہ ڈاک بھیج دی جائے یا ایک خاندانی استقبالیہ مرکز پر سے لینے کے لیے دستیاب کی جائے۔

خاندان پروگرام کے انتخابات کا جائزہ لے سکتے ہیں پری کے فائنڈر میں (http://maps.nyc.gov/prek)، پری کنڈرگارٹن ڈائریکٹری (http://schools.nyc.gov/prek) میں، کسی بھی وقت خاندانی استقبالیہ مرکز پر تشریف لا کر یا 311 پر رابطہ کرتے ہوئے۔ پری کنڈرگارٹن

ڈائریکٹری میں پری کنڈرگارٹن پروگرام درج ہوتے ہیں، بمع اضافی معلومات، بشمول ایک اشارہ آیا کہ پروگرام قابلِ رسائی ہے۔

ایک پری کنڈرگارٹن پروگرام کی رسائی کی سطح کے متعلق مزید معلومات کے لیے، مزید جاننے اور ایک دورہ طے کرنے کے لیے براہِ راست پروگرام سے رابطہ کریں۔ خاندان مزید معلومات کے لیے earlychildhood@schools.nyc.gov پر ای میل بھی کر سکتے ہیں۔

**کنڈرگارٹن اور ایلیمنٹری اسکول کے داخلے**
http://schools.nyc.gov/ChoicesEnrollment/Elementary

بچے اس تقویمی سال کنڈرگارٹن میں شرکت کرتے ہیں جس سال وہ پانچ سال کے ہوتے ہیں، اور وہ اسکول شروع کرنے سے قبل سردیوں میں اسکولوں میں درخواست دے سکتے ہیں۔ خاندان دس زبانوں میں ایک درخواست آن لائن جمع کروا سکتے ہیں، 311 پر رابطہ کرتے ہوئے بذریعہ فون، یا خاندانی استقبالیہ مرکز پر ذاتی طور پر تشریف لے جا کر (http://schools.nyc.gov/welcomecenters)۔

آن لائن درخواست سکرین ریڈرز، ذاتی کمپیوٹر کی سیٹنگز، یا معاون ٹیکنالوجی کے ساتھ دیکھی جا سکتی ہے۔ ایسے خاندان جنہیں درخواست بڑے پرنٹ میں یا بریل کاغذ پر چاہیئے وہ ای میل کر سکتے ہیں ESenrollment@schools.nyc.gov پر یا 311 پر رابطہ کر سکتے ہیں تاکہ انہیں درخواست بذریعہ ڈاک بھیج دی جائے یا ایک خاندانی استقبالیہ مرکز پر سے لینے کے لیے دستیاب کی جائے۔

خاندان اسکول کے انتخابات کا جائزہ لے سکتے ہیں کنڈرگارٹن ڈائریکٹری (http://schools.nyc.gov/kindergarten) میں، جس میں اسکول کی جزوی یا مکمل رسائی پر معلومات شامل ہے، جو کہ ہر عمارت کے لیے الگ ہو سکتی ہے۔ خاندان ایک خاندانی استقبالیہ مرکز پر تشریف بھی لا سکتے ہیں یا 311 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ اسکول کی رسائی پر مزید معلومات کے لیے، اس رہنمائی کا "اسکول کی عمارت کا جائیں رسائی ہونا اور سہولیات کے باب" دیکھیں یا رسائی کی ویب سائٹ پر جائیں (http://schools.nyc.gov/offices/osp/accessibility)۔

اسکول کی رسائی کی سطح کے متعلق مزید معلومات کے لیے، مزید جاننے اور ایک دورہ طے کرنے کے لیے براہِ راست اسکول سے رابطہ کریں۔ خاندان مزید معلومات کے لیے اور موزوں سہولیات کی درخواستیں کرنے کے لیے accessibility@schools.nyc.gov پر ای میل بھی کر سکتے ہیں۔

**قابل اور ہنرمند داخلے**

http://schools.nyc.gov/ChoicesEnrollment/GiftedandTalented

اگلے سال کنڈرگارٹن، پہلے، دوسرے، یا تیسرے گریڈ میں داخل ہو رہے بچے پروگراموں میں درخواست دینے کی اہلیت کے تعین کے لیے قابل اور ہنرمند (G&T) ٹیسٹ دینے کے لیے اندراج کروا سکتے ہیں۔ ہر سال اکتوبر سے نومبر کے دوران، ان گریڈز میں داخل ہو رہے بچوں کے اہلِ خانہ درخواست برائے امتحان (RFT) جمع کروا سکتے ہیں۔ RFT خاندانوں کو کوئی بھی مطلوبہ سہولیات کی نشاندہی کرنے کے قابل بناتی ہے۔

جنوری میں، بچہ امتحان دیتا ہے۔ بہار کے اوائل میں، خاندانوں کو اسکور کی رپورٹ موصول ہوتی ہے۔ اسکور کی رپورٹ نشاندہی کرتی ہے کہ آیا آپ کا بچہ G&T پروگراموں کے لیے درخواست دینے کا اہل ہے۔ اگر وہ اہل ہے، خاندان ایک درخواست بھی وصول کر سکتے ہیں، جسے وہ پُر کرتے ہیں اور جمع کرواتے ہیں۔ خاندانوں کو ان کے فیصلے کا خط بہار میں موصول ہوتا ہے۔

آن لائن RFT اور درخواست دونوں ہی سکرین ریڈرز، ذاتی کمپیوٹر کی سیٹنگز، یا امدادی ٹیکنالوجی کے ساتھ دیکھے جا سکتے ہیں۔ ایسے خاندان جنہیں درخواست بڑے پرنٹ میں یا بریل کاغذ پر چاہیئے وہ ای میل کر سکتے ہیں ESenrollment@schools.nyc.gov پر یا 311 پر رابطہ کر سکتے ہیں تاکہ انہیں درخواست بذریعہ ڈاک بھیج دی جائے یا ایک خاندانی استقبالیہ مرکز پر سے لینے کے لیے دستیاب کی جائے۔

خاندان اپنے بچے کے سنِ پیدائس کے لیے G&T پروگرام کے انتخابات قابل اور ہنرمند کتابچہ (http://schools.nyc.gov/G&T) میں دیکھ سکتے ہیں؛ پروگرام کے انتخابات کی فہرست نشاندہی کرتی ہے کہ کون سے اسکول جزوی یا مکمل طور پر قابلِ رسائی ہیں۔ اسکول کے قابلِ رسائی ہونے پر مزید معلومات کے لیے، اس رہنمائی کا "اسکول کی عمارت کا قابلِ رسائی ہونا اور سہولیات کے باب" دیکھیں یا رسائی کی ویب سائٹ پر جائیں (http://schools.nyc.gov/offices/osp/accessibility)۔

اسکول کی رسائی کی سطح کے متعلق مزید معلومات کے لیے، مزید جاننے اور ایک دورہ طے کرنے کے لیے براہِ راست اسکول سے رابطہ کریں۔ خاندان مزید معلومات کے لیے اور موزوں سہولیات کی درخواستیں کرنے کے لیے accessibility@schools.nyc.gov پر ای میل بھی کر سکتے ہیں۔

**مڈل اسکول داخلوں کا عمل**
http://schools.nyc.gov/ChoicesEnrollment/Middle/

طلباء و طالبات اس سال مڈل اسکولوں میں درخواست دینے کے اہل ہوتے ہیں جس سال وہ پانچویں گریڈ میں ہوتے ہیں۔ طلباء و طالبات اس ضلع کے اندر اسکولوں میں درخواست دینے کے اہل ہیں جس ضلع میں وہ رہتے ہیں؛ اگر وہ ایک مختلف ضلع کے ایلیمنٹری اسکول میں پڑھتے ہیں، پھر وہ اس ضلع میں بھی مڈل اسکولوں میں درخواست دینے کے اہل ہیں۔ مزید برآں، برو پیمار اور شہر پیما انتخابات ہیں جن میں پانچویں گریڈ کے طلباء و طالبات درخواست دے سکتے ہیں۔ ہر ضلع کے لیے اسکول کے انتخابات مڈل اسکول ڈائریکٹریوں (http://schools.nyc.gov/middle) میں درج ہیں، اور نشاندہی کرتے ہیں کہ کون سے اسکول قابلِ رسائی ہیں۔ خاندان خاندانی استقبالیہ مرکز پر تشریف بھی لا سکتے ہیں یا 311 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

خاندان فارم وصول کرتے ہیں اور اپنی مڈل اسکول کی درخواست (http://schools.nyc.gov/middle) اپنے ایلیمنٹری اسکول کے رہنمائی مشیر کو اپنے پانچویں گریڈ میں دسمبر کے اوائل تک جمع کروا سکتے ہیں۔ درخواست آن لائن پوسٹ کی جاتی ہے اور سکرین ریڈرز، ذاتی کمپیوٹر کی سیٹنگز، یا امدادی ٹیکنالوجی کے ساتھ دیکھی جا سکتی ہے۔ ایسے خاندان جنہیں درخواست بڑے پرنٹ میں یا بریل کاغذ پر چاہیئے وہ ای میل کر سکتے ہیں MSenrollment@schools.nyc.gov پر یا 311 پر رابطہ کر سکتے ہیں تاکہ انہیں درخواست بذریعہ ڈاک بھیج دی جائے یا ایک خاندانی استقبالیہ مرکز پر سے لینے کے لیے دستیاب کی جائے۔

ایک اسکول کی رسائی کی سطح کے متعلق مزید معلومات کے لیے، مزید جاننے اور ایک دورہ طے کرنے کے لیے براہِ راست اسکول سے رابطہ کریں۔ خاندان مزید معلومات کے لیے اور موزوں سہولیات کی درخواستیں کرنے کے لیے accessibility@schools.nyc.gov پر ای میل بھی کر سکتے ہیں۔

**ہائی اسکول داخلے**
http://schools.nyc.gov/high

طلباء و طالبات اس تعلیمی سال ہائی اسکولوں میں درخواست دینے کے اہل ہوتے ہیں جس سال وہ آٹھویں گریڈ میں ہوتے ہیں۔ طلباء و طالبات شہر بھر کے اسکولوں میں درخواست دینے کے قابل ہیں، اور انہیں ہائی اسکول ڈائریکٹری (http://schools.nyc.gov/high) کا جائزہ لینا چاہیئے، جو اسکول کے قابلِ رسائی ہونے کی نشاندہی کرتی ہے۔ خاندان School Finder (اسکول فائنڈر) (http://schoolfinder.nyc.gov/) پر بھی جا سکتے ہیں، خاندانی استقبالیہ مرکز پر تشریف لا سکتے ہیں یا 311 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

خاندان اپنے آٹھویں گریڈ کے سال میں اپنے مڈل اسکول مشیران سے اپنی ہائی اسکول کی درخواست وصول کرتے ہیں اور دسمبر کے اوائل تک جمع کرواتے ہیں۔ ہائی اسکول کی درخواست آن لائن پوسٹ کی جاتی ہے اور سکرین ریڈز، ذاتی کمپیوٹر کی سیٹنگز، یا امدادی ٹیکنالوجی کے ساتھ دیکھی جا سکتی ہے۔ ایسے خاندان جنہیں درخواست بڑے پرنٹ میں یا بریل کاغذ پر چاہیئے وہ ای میل کر سکتے ہیں HSenrollment@schools.nyc.gov پر یا 311 پر رابطہ کر سکتے ہیں تاکہ انہیں درخواست بذریعہ ڈاک بھیج دی جائے یا ایک خاندانی استقبالیہ مرکز پر سے لینے کے لیے دستیاب کی جائے۔

اسکول کی رسائی کی سطح کے متعلق مزید معلومات کے لیے، مزید جاننے اور ایک دورہ طے کرنے کے لیے براہِ راست اسکول سے رابطہ کریں۔ خاندان مزید معلومات کے لیے اور موزوں سہولیات کی درخواستیں کرنے کے لیے accessibility@schools.nyc.gov پر ای میل بھی کر سکتے ہیں۔

**متخصص ہائی اسکول کے داخلے**
www.schools.nyc.gov/shsat

طلباء و طالبات اپنے آٹھویں گریڈ کے سال کے خزاں میں متخصص ہائی اسکول کے داخلوں کا امتحان (SHSAT) دینے کے لیے اندراج کروانے کے اہل ہیں۔ وہ طلباء و طالبات جو امتحان دیتے ہیں اور اہلیت کا اسکور حاصل کرتے ہیں انہیں نشست کی دستیابی سے مشروط، آٹھ متخصص امتحان والے اسکولوں میں سے ایک میں پیشکش کرنے کے لیے زیرِ غور لایا جاتا ہے۔ طلباء و طالبات اپنے امتحانی اسکور کو ایک یا آٹھوں امتحان لینے والے اسکولوں کے لیے زیرِ غور لا سکتے ہیں۔ Fiorello H. LaGuardia High School واحد متخصص ہائی اسکول ہے جہاں داخلے کے تعین ایک آڈیشن اور ایک تعلیمی جائزے کے ذریعے ہوتا ہے۔ طلباء و طالبات LaGuardia High School پر چھ کی تعداد تک سٹوڈیوز کے لیے آڈیشن دے سکتے ہیں۔

وہ خاندان جن کا طالب علم SHSAT کے لیے اندراج کروانے میں دلچسپی رکھتا ہے وہ اپنے مشیر کو اپنی رجسٹریشن جمع کرواتے وقت کسی بھی سہولت یا رسائی کی ضروریات کی نشاندہی کر سکتے ہیں۔ SHSAT رجسٹریشن کے ذریعے درخواست کرنے پر بریل میں دستیاب ہے۔

## معذوریوں کے حامل طلباء کے لیے خدمات اور سہولیات

اگر تین سال سے زائد عمر کے ایک بچے میں ایک معذوری کی شناخت کی گئی ہے، DOE خصوصی تعلیمی معاونتیں اور خدمات فراہم کرے گا جو خصوصی طور پر ان کی انفرادی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تیار کی گئی ہیں، خاندان کے لیے بغیر کسی خرچے کے۔ خصوصی تعلیم کے عمل اور خاندانوں کے کردار اور حقوق کے متعلق مزید معلومات کے لیے، خصوصی تعلیم کا ویب پیج (http://schools.nyc.gov/Academics/SpecialEducation/FamilyResources/GuidesDocuments/default.htm) دیکھیں، ای میل کریں specialeducation@schools.nyc.gov پر یا 311 پر رابطہ کریں۔ کنڈرگارٹن میں منتقلی کی اضافی معلومات کے لیے، براہِ کرم دیکھیں کنڈرگارٹن: خزاں 2018 میں داخل ہو رہے معذوریوں کے حامل طلباء و طالبات کے اہلِ خانہ کے لیے ایک رہنمائی کا تعارف (http://schools.nyc.gov/Academics/SpecialEducation/FamilyResources/GuidesDocuments/default.htm).

## Early Intervention (ابتدائی مداخلت)

Early Intervention (ابتدائی مداخلت) پروگرام ایسے بچوں کو پیدائش سے لے کر تین سال کی عمر تک خدمات فراہم کرتا ہے جو معذوریوں کے حامل ہیں یا ان کی نشوونما میں تاخیر ہے۔ Early Intervention (ابتدائی مداخلت) نیویارک شہر کے محکمۂ صحت و دماغی صحت (DOHMH) کی جانب سے چلایا جاتا ہے۔ مزید جاننے کے لیے Early Intervention (ابتدائی مداخلت) کی ویب سائٹ (https://www1.nyc.gov/site/doh/health/health-topics/early-intervention-eligibility-and-services.page) پر جائیں۔

## پری اسکول میں خصوصی تعلیمی خدمات

پری اسکول میں خصوصی تعلیمی خدمات معذوریوں یا سیکھنے پر اثرانداز ہونے والی نشوونما کی تاخیروں کے حامل تین تا پانچ سال عمر کے بچوں کے لیے دستیاب ہیں۔ خصوصی تعلیمی خدمات کے لیے اہلیت کا تعین کرنے کے لیے خاندان تشخیص کی ایک درخواست پری اسکول کمیٹی برائے خاص تعلیم (CPSE) کو دے سکتے ہیں۔ CPSE تین تا پانچ سال عمر کے بچوں کے لیے خصوصی تعلیم کے عمل میں رابطہ کاری کی ذمہ دار ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں دس CPSEs ہیں جو اس ضلع میں خاندانوں کے ساتھ کام کرتی ہیں جہاں خاندان رہتا ہے۔ خاندان CPSEs کے لیے رابطے کی معلومات مندرجہ ذیل سائٹ پر تلاش کر سکتے ہیں: http://schools.nyc.gov/Academics/SpecialEducation/Help/Contacts/CSECPSE.htm.

## کنڈرگارٹن میں منتقلی

اگر ایک بچے کو CPSE کی جانب سے پہلے ہی معذوری کا حامل پری اسکول کے طالب علم کی طور پر شناخت کیا گیا ہے، وہ کنڈرگارٹن میں خصوصی تعلیمی خدمات کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ بچوں کو خود بخود ہی کمیٹی برائے خاص تعلیم (CSE) کے پاس بھجوا دیا جائے گا تاکہ کنڈرگارٹن کے لیے خصوصی تعلیمی خدمات کی اہلیت کا تعین کیا جائے۔

## اسکول جانے کی عمر میں خاص تعلیمی خدمات

اسکول جانے کی عمر میں خاص تعلیمی خدمات پانچ تا 21 سال عمر کے معذوریوں کے حامل بچوں کے لیے دستیاب ہیں۔ یہ خدمات اہل بچوں کو مفت فراہم کی جاتی ہیں۔ کسی بھی بچے کی تشخیص کی جا سکتی ہے۔ اگر ایک بچہ پبلک اسکول میں ہے، تو خاندان کو اسکول کو مطلع کرتے ہوئے تشخیص کی درخواست کرنی چاہیئے۔ اسکول، حسبِ ضرورت، طالب علم کی تشخیص کرنے، انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) تیار کرنے اور خصوصی تعلیمی خدمات

فراہم کرنے کے لیے ذمہ دار ہے۔ غیر پبلک، نجی، مذہبی اسکول کے زیرِ انتظام، یا چارٹر اسکول میں بچوں کے لیے، خاندانوں کو کمیٹی برائے خاص تعلیم (CSE) کا حوالہ لینا چاہیئے۔ خاندان CSEs کے لیے رابطے کی معلومات یہاں تلاش کر سکتے ہیں: http://schools.nyc.gov/Academics/SpecialEducation/Help/Contacts/CSECPSE.htm۔

اسکول جانے کی عمر میں خصوصی تعلیمی خدمات پر مزید معلومات کے لیے، اسکول جانے کی عمر کے بچوں کے لیے خصوصی تعلیمی خدمات پر خاندان کے لیے رہنمائی دیکھیں (http://schools.nyc.gov/Academics/SpecialEducation/FamilyResources/GuidesDocuments/)۔ اگر خاندان کے ایک فرد کو یقین ہے کہ ان کے بچے کو خصوصی تعلیمی خدمات درکار ہو سکتی ہیں، تو رہنمائی کے لیے بچے کی اسکول پر مبنی معاونت ٹیم سے رابطہ کریں۔

**معذوریوں کے حامل اہل طلباء و طالبات کے لیے سہولیات: 504§ کی تعمیل**

ایک ایسی جسمانی یا دماغی معذوری کا حامل ایک بچہ جو زندگی کی ایک یا ایک سے زائد بڑی سرگرمیوں کو کافی زیادہ محدود کرتی ہے وہ Americans with Disabilities Act (ADA) (معذور امریکیوں کا ایکٹ) کے سیکشن 504 کے تحت سہولیات وصول کرنے کا اہل ہے۔ والدین 504 سہولیات - رہنمائی برائے طلباء و طالبات اور اہلِ خانہ (http://schools.nyc.gov/NR/rdonlyres/37A917C0-8F8A-4552-B6C3-DEE71BB29AA8/0/504_Families_FAQ_FINAL.pdf) کا جائزہ لیتے ہوئے یا اپنے بچے کے اسکول پر مبنی 504 رابطۂ کار سے بات کرتے

ہوئے مزید جان سکتے ہیں۔ The Rehabilitation Act کے 1973 (بحالی کے ایکٹ کا سیکشن) 504 (سیکشن 504) سرکاری سرمائے سے چلنے والے ابتدائی طفلی پروگراموں سے اہل طلباء و طالبات کو مناسب اور موزوں سہولیات دینے کا تقاضہ کرتے ہوئے معذوریوں کے حامل طلباء و طالبات کو امتیاز سے بچاتا ہے تاکہ وہ اپنے غیر معذور ساتھیوں کے ساتھ مساوات کی بنیاد پر اسکول کی سرگرمیوں میں حصہ لے سکیں۔

# اسکول کی عمارت کا قابلِ رسائی ہونا اور سہولیات

DOE یہ یقینی بنانے کے لیے کام کرتا ہے کہ پروگرام، خدمات، اور سرگرمیاں جسمانی پابندیوں والے اہلِ خانہ اور طلباء و طالبات کے لیے قابلِ رسائی ہوں، جیسے کہ ایسے افراد جو وہیل چیئر یا دیگر معاونتیں استعمال کرتے ہیں۔ معذوریوں کے حامل افراد کے لیے رسائی کا تعین کرنے کے لیے تمام عمارتوں کو باقاعدہ بنیادوں پر جانچا جاتا ہے۔ اس سیکشن میں موجود رہنمائی کا اطلاق سماعت یا بصارت کی معذوریوں کے حامل افراد پر بھی ہوتا ہے۔

اگر خاندان کے ایک فرد یا اسکولی برادری کے ایک رکن کو ایک تقریب میں شامل ہونے یا حصہ لینے کے لیے ایک سہولت درکار ہے (جیسے کہ اوپن ہاؤس والدین-استاد مشاورت، اسکول میں پیشکاری، فارغ التحصیل ہونے کی تقریب) یا اسے مواد ایک قابلِ رسائی شکل میں مطلوب ہے، تو اسکول کے پرنسپل سے رابطہ کریں۔ پرنسپل سے رابطے کے معلومات اسکول کو School Search (اسکول سرچ) میں ڈالتے ہوئے مل سکتی ہیں (http://schools.nyc.gov/SchoolSearch/) اسکول کے اوقاتِ کار سے پہلے، دوران اور بعد میں ہونے والی تقریبات کے لیے سہولیات کی درخواست کی جا سکتی ہے، اور ایک عرصے میں کئی تقریبات کے لیے درخواست کی جا سکتی ہے۔

اگر ایک سہولت اسکول کی سطح پر فراہم نہیں کی جا سکتی، تو خاندانوں کو جگہ کے انتظام کے شعبے کے رسائی رابطہ کار سے accessibility@schools.nyc.gov پر رابطہ کرنا چاہیئے، اور درخواست کا جائزہ لیا جائے گا۔ خاندانوں کو سہولیات کی درخواستیں جتنا پیشگی ممکن ہو سکے کرنی چاہیئیں۔

عمارت کے قابلِ رسائی ہونے کے پروفائل (http://schools.nyc.gov/Offices/OSP/Building+Accessibility+Profiles) آن لائن پوسٹ کیے جاتے ہیں اور خاندانوں کی جانب سے ان کا جائزہ لیا جا سکتا ہے۔ یہ پروفائل خاندانوں اور اسکولی برادری کے دیگر ارکان کے لیے عمارت کے مکمل طور پر قابلِ رسائی ہونے کی حالت کی نشاندہی کرتے ہیں۔ اس وقت تمام اسکولوں کا ایک نئے، 10 نکاتی پیمانے کے ذریعے جائزہ لیا جا رہا ہے جو ایک اسکول کے رسائی کے مختلف خواص پر خاندانوں کے لیے مزید معلومات فراہم کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ فی الوقت، عمارت کے قابلِ رسائی ہونے کے پروفائل مین ہیٹن اور اسٹیٹن آئلینڈ میں جزوی طور پر قابلِ رسائی ایسی عمارتوں کے لیے دستیاب ہیں جن میں ہائی اسکول کے گریڈز واقع ہیں۔

علاوہ ازیں، اسکول کی رسائی کی معلومات (http://schools.nyc.gov/Offices/OSP/Accessibility.htm) ضلعی اسکولوں اور پری کنڈرگارٹن مراکز کے لیے آن لائن دستیاب ہے۔

مکمل اور جزوی رسائی کے متعلق مزید معلومات کے لیے دیکھیں (http://schools.nyc.gov/Offices/OSP/Accessibility).

- ایک مکمل طور پر قابلِ رسائی عمارت وہ عمارت ہے جو 1992 کے بعد تعمیر ہوئی جو کہ ADA کے ڈیزائن کے تمام تقاضوں کی تعمیل کرتی ہے اور چلنے پھرنے سے معذور افراد کے لیے رسائی کی کوئی رکاوٹیں نہیں ہیں۔

- ایک جزوی طور پر قابلِ رسائی عمارت چلنے پھرنے سے معذور افراد کو عمارت میں داخل ہونے اور نکلنے، متعلقہ پروگراموں تک رسائی کرنے، اور کم از کم ایک بیت الخلاء استعمال کرنے کے قابل بناتی ہے، لیکن ہو سکتا ہے کہ پوری عمارت قابلِ رسائی نہ ہو۔ یہ تعین ہر عمارت کے لیے مختلف ہوتا ہے۔

نیویارک شہر کے ابتدائی تعلیمی مراکز کے قابلِ رسائی ہونے کے متعلق مزید جاننے کے لیے، براہِ کرم پروگرام سے براہِ راست رابطہ کریں۔ نیویارک شہر کے ابتدائی تعلیمی مراکز کے قابلِ رسائی ہونے کا تعین کرنے میں رہنمائی کے لیے، براہِ کرم ای میل کریں earlychildhood@schools.nyc.gov۔

# اسکول کے ذرائع آمدورفت

اسکول کے ذرائع آمدورفت کے لیے ایک بچے کی اہلیت کا تعین طالب علم کے گریڈ کی سطح اور طالب علم کی رہائش اور اسکول کے درمیان فاصلے کے ذریعے کیا جاتا ہے، جیسا کہ ذیل کے چارٹ میں دکھایا گیا ہے۔ کچھ طلباء و طالبات کو خصوصی طور پر بنائے آمدورفت کے ذرائع ملتے ہیں جیسے کہ ان کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) میں خاکہ کش کیا گیا ہے۔

پانچ سال سے کم عمر بچے، جو خاص تعلیم کے پری کنڈرگارٹن یا Early Intervention (ابتدائی مداخلت) پروگراموں میں داخل ہیں، ایک اسٹاپ سے دوسرے اسٹاپ تک چلنے والی پیلی بس سروس کے لیے اہل ہیں جیسا کہ ایک انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) یا انفرادی خاندانی خدمت کے منصوبے (IFSP) پر نشاندہی کی گئی ہے۔ مزید معلومات Office of Pupil Transportation (دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل) کی ویب سائٹ پر پری کنڈرگارٹن اور Early Intervention (ابتدائی مداخلت) کے آمدورفت کے پیج (http://www.optnyc.org/ServicesAndEligibility/prekeitransportation.htm) پر دی گئی ہیں۔

مزید معلومات کے لیے یا آمدورفت کی درخواست کرنے کے لیے، براہِ کرم اپنے بچے کے اسکول یا Office of Pupil Transportation (دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل) (http://www.optnyc.org) سے pupiltransportationteam@schools.nyc.gov پر ای میل کرتے ہوئے یا 392-8855 (718) پر کال کرتے ہوئے رابطہ کریں۔

طالب علم کی اہلیت پر مزید معلومات کے لیے براہِ کرم صفحات 31-30 پر جدول دیکھیں۔

**نصف کرائے کی اہلیت**

نصف کرائے کے اہل تعین کردہ طلباء و طالبات وہ ہیں جو اسکول سے اتنا قریب رہتے ہیں کہ پیدل آ جا سکتے ہیں، لیکن وہ اپنے اسکول کے آمدورفت کے رابطۂ کار کے ذریعے طالب علم کے نصف کرائے کے میٹروکارڈ کی درخواست کر سکتے ہیں۔ نصف کرائے کے میٹروکارڈ Metropolitan Transit (میٹروپولیٹن ٹرانیٹ اتھارٹی) Authority (MTA) کی جانب سے بطور نوازش مہیا کیے جاتے ہیں اور صرف MTA کی بسوں پر استعمال کے لیے مستند ہیں، اور طالب علم ہر راستے کے لیے موجودہ کرائے کا نصف ادا کرنے کا ذمہ دار ہے۔

**مکمل کرایہ**

کوئی بھی طالب علم جو مکمل کرائے پر سفر کرنے کے لیے اہل ہے اسے درخواست کرنے پر مکمل کرائے کا طالب علم میٹروکارڈ جاری کیا جا سکتا ہے یا اگر اس طالب علم کے لیے پیلی بس سے آمدورفت دستیاب نہیں ہے۔ عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے تمام طلباء و طالبات مکمل کرائے کے طالب علم میٹروکارڈز وصول کرنے کے اہل ہیں۔ طالب علم کے میٹروکارڈ اسکول کے رابطۂ کار برائے آمدورفت کی جانب سے اہلیت کی بنیاد پر جاری کیے جاتے ہیں۔ کنڈرگارٹن تا چھٹے گریڈ کے بچوں کے والدین جو عارضی رہائش گاہ میں رہتے ہیں وہ بھی اپنے بچے کے ساتھ اسکول آنے جانے کے لیے میٹروکارڈ وصول کر سکتے ہیں۔ کنڈرگارٹن تا چھٹے گریڈ کے بچوں کے والدین جو عارضی رہائش گاہ میں رہتے ہیں ایک میٹروکارڈ اپنی عارضی رہائش گاہ میں DOE کے عملے، عارضی رہائش گاہ کے عملے سے حاصل کر سکتے ہیں، یا اپنے برو میں Students in Temporary Housing (Content Expertعارضی رہائش میں طلباء طالبات کے مواد کا ماہر) (http://schools.nyc.gov/NR/rdonlyres/6C02DF12-F56D-4024-BE84-EA5B6A51A7B9/0/STHContactInformationFORDISTRIBUTION_10217.pdf) پر جا سکتے ہیں۔

**اسکول بس**

ایک طالب علم کے پیلی بس خدمات حاصل کرنے کے لیے، مندرجہ ذیل دائرہ کار میں سے ہر ایک پر پورا اترنا لازمی ہے:

- طالب علم کا مکمل کرائے پر سفر کرنے کے لیے اہل ہونا لازمی ہے؛
- طالب علم کا کنڈرگارٹن تا چھٹے گریڈ میں ہونا لازمی ہے
- طالب علم کی رہائش لازمی طور پر اسکول کے ضلع (اگر پبلک اسکول میں زیرِ تعلیم ہے) میں ہی یا اسی برو (اگر ایک چارٹر یا غیر سرکاری اسکول میں زیرِ تعلیم ہے) میں واقع ہو۔
- طالب علم کے اسکول میں تمام اہل طلباء و طالبات کے لیے پیلی بس خدمات لازمی دستیاب ہو
- طالب علم کے گریڈ/فاصلے کی اہلیت کے اندر اندر ایک بس اسٹاپ موجود ہو یا طالب علم کے لیے سہولت پیدا کرنے کے لیے شامل کیا جا سکتا ہو۔

اگر مندرجہ بالا میں سے ہر دائرہ کار پورا ہوتا ہے، طلباء و طالبات جو اسکول کھلنے کے لیے پہلے سے رجسٹر ہیں انہیں بس اسٹاپ تفویض کیا جائے گا۔ دیر سے رجسٹریشن کروانے والے طلباء و طالبات کے والدین اپنے اسکول میں پیلی بس سروس کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اسکول کا عملہ اہلیت کی پڑتال کرے گا اور طالب علم کو ایک اسٹاپ تفویض کرے گا یا OPT کے ذریعے ایک نیا اسٹاپ بنانے کی درخواست کرے گا۔

عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے کنڈرگارٹن تا چھٹے گریڈ کے تمام طلباء و طالبات جو اسکول بس سے آمدورفت کے لیے اہل ہیں انہیں عارضی رہائش گاہ میں رہنے کے اہل پائے جانے کے ایک ہفتے کے اندر اندر روٹ تفویض کر دیا جائے گا۔ مزید برآں، جو عارضی رہائش کی دیگر شکلوں میں ہیں، عارضی نگہداشت میں طلباء و طالبات، اور ایسے طلباء و طالبات جو پہلے بے گھر تھے اور حال ہی میں مستقل رہائش میں منتقل ہوئے ہیں وہ بس کے لیے ایک درخواست فارم جمع کروا سکتے ہیں۔

آمدورفت وصول کرنے والے طلباء و طالبات کے والدین اور سرپرستوں کو ہمیشہ چاہیئے کہ وہ طلباء و طالبات کے پتے میں کسی بھی تبدیلی سے طالب علم کے اسکول کو باخبر رکھیں۔

قابلِ رسائی آمدورفت کے لیے MTA کی رہنمائی (http://web.mta.info/accessibility/stations.htm) قابلِ رسائی عوامی نقل و حمل کے ذرائع کا خلاصہ کرتی ہے بشمول بسیں، قابلِ رسائی سب وے کے اسٹاپ، اور Access-a-Ride (ایکسس اے رائڈ)۔ The New York City Accessible Dispatch Program (نیویارک شہر کا قابلِ رسائی ترسیل کا پروگرام) (http://accessibledispatch.org/) معذوریوں کے حامل افراد کو وہیل چیئر پر قابلِ رسائی سبز اور پیلی ٹیکسیوں تک رسائی دیتا ہے۔

| | منزل کا کوڈ A | منزل کا کوڈ B | منزل کا کوڈ C | منزل کا کوڈ D |
|---|---|---|---|---|
| | 0.5 میل سے کم | 0.5 میل، لیکن 1 میل سے کم | 1 میل یا اس سے زیادہ، لیکن 1.5 میل سے کم | 1.5 میل یا زائد |
| کنڈرگارٹن: | نصف کرایہ | اسکول بس یا مکمل کرایہ | اسکول بس یا مکمل کرایہ | اسکول بس یا مکمل کرایہ |
| پہلا گریڈ | نصف کرایہ | اسکول بس یا مکمل کرایہ | اسکول بس یا مکمل کرایہ | اسکول بس یا مکمل کرایہ |
| دوسرا گریڈ: | نصف کرایہ | اسکول بس یا مکمل کرایہ | اسکول بس یا مکمل کرایہ | اسکول بس یا مکمل کرایہ |
| تیسرا گریڈ: | نا اہل | نصف کرایہ | اسکول بس یا مکمل کرایہ | اسکول بس یا مکمل کرایہ |
| چوتھا گریڈ: | نا اہل | نصف کرایہ | اسکول بس یا مکمل کرایہ | اسکول بس یا مکمل کرایہ |
| پانچواں گریڈ: | نا اہل | نصف کرایہ | اسکول بس یا مکمل کرایہ | اسکول بس یا مکمل کرایہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| چھٹا گریڈ: | نا اہل | نصف کرایہ | اسکول بس یا مکمل کرایہ | اسکول بس یا مکمل کرایہ |
| ساتواں گریڈ: | نا اہل | نصف کرایہ | نصف کرایہ | مکمل کرایہ |
| آٹھواں گریڈ: | نا اہل | نصف کرایہ | نصف کرایہ | مکمل کرایہ |
| نواں گریڈ: | نا اہل | نصف کرایہ | نصف کرایہ | مکمل کرایہ |
| دسواں گریڈ: | نا اہل | نصف کرایہ | نصف کرایہ | مکمل کرایہ |
| گیارہواں گریڈ: | نا اہل | نصف کرایہ | نصف کرایہ | مکمل کرایہ |
| بارہواں گریڈ: | نا اہل | نصف کرایہ | نصف کرایہ | مکمل کرایہ |

# طالب علم کی حاضری

اگر والدین یا سرپرست کی معذوری ان کے بچے کی حاضری پر اثر انداز ہو سکتی ہے، تو بچے کے استاد اور پرنسپل کو مطلع کیا جانا چاہیئے۔ ہمارے اسکول اور پروگرام یہ سمجھنے کے لیے خاندانوں کے ساتھ کام کرتے ہیں کہ کم حاضری کا سبب کیا ہو سکتا ہے، معاونت فراہم کرتے ہیں اور بہتری کے لیے حکمتِ عملیوں پر گفتگو کرتے ہیں۔ تمام اسکولوں کو روزانہ کی بنیاد پر حاضری لگانا درکار ہے۔

# ویب سائٹ کا دوبارہ ڈیزائن

DOE معذوریوں کے حامل افراد کے لیے اپنی ویب سائٹ کو رسائی
میں آسان تر بنانے کے لیے کام کر رہا ہے۔ بنیادی طور پر قابلِ رسائی مواد کے ساتھ
ایک نئی ویب سائٹ تعلیمی سال 18-2017 کے دوران شروع کر دی جائے
گی۔ DOE اپنی ویب سائٹ کو مزید قابلِ رسائی بنانا جاری رکھے گا جو کہ Web
Content Accessibility Guidelines 2.0, Level AA (ویب مواد کی
قابلِ رسائی ہدایات 2.0، درجہ AA) کے مطابق ہے (http://www.w3.org/
WAI/intro/wcag)۔ ہماری موجودہ سائٹ پر ایک مخصوص صفحے یا دستاویز
میں رہنمائی کے لیے، براہِ کرم ویب سائٹ کی رائے کا فارم استعمال کریں
(http://schools.nyc.gov/ContactDOE).

# خاندانی شمولیت کے لیے مواقع

خاندانوں کے لیے ان کی اسکولی برادری میں اسکول، ضلع یا شہر بھر کی سطح پر شمولیت کرنے کے لیے بہت سے مواقع ہیں۔ تمام تنظیموں اور انتخابات کی ایک جامع فہرست کے لیے، براہِ کرم Parent Leadership (والدین کی قیادت) (http://schools.nyc.gov/Offices/FACE/ParentLeader) ویب سائٹ پر جائیں۔ مزید برآں، چانسلر ہر سہ ماہی میں Parent Leader Times (پیرنٹ لیڈر ٹائمز) (http://schools.nyc.gov/Offices/FACE/ParentLeader/Parent+Leader+Time.htm) شائع کرتی ہیں۔

**انجمنِ والدین/انجمنِ والدین و اساتذہ**

ہر اسکول کو انجمنِ والدین یا انجمنِ والدین و اساتذہ (PA/PTA) رکھنا درکار ہے (http://schools.nyc.gov/Offices/FACE/ParentLeader/PAPTA+Info.htm)۔ تمام والدین، سوتیلے والدین، قانونی طور پر مقرر کردہ سرپرست، عارضی نگہداشت فراہم کرنے والے والدین اور ولدیت کے رشتے میں افراد اپنے اسکول کی PA/PTA کے خودبخود ارکان ہوتے ہیں۔ PA/PTAs وقف شدہ والدین کے پُر عظمی کے ذریعے سرکاری نظامِ تعلیم کو بہتر بنانے کے لیے مضبوط ترین حمایتیوں میں سے ہو سکتے ہیں۔ PA/PTAs والدین کو اسکول کی سرگرمیوں میں مشغول کرنے کے لیے رابطہ کرتے ہیں، اسکول کی سرگرمیوں میں معاونت کرتے ہیں جیسے کہ والدین-استاد کانفرنسیں، اوپن ہاؤسز، اور شب ہائے نصاب، والدین کی ورکشاپس اور اجلاس منعقد کرواتے ہیں، اور اسکول میں تعلیمی، سماجی اور ثقافتی پروگراموں کے فائدے کے لیے چندہ جمع کرنے کی تقریبات منعقد کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، انجمنِ والدین یا انجمنِ والدین و اساتذہ (PA/PTA) کے صفحہ پر جائیں (http://schools.nyc.gov/Offices/FACE/ParentLeader/PAPTA+Info.htm).

## IEP ٹیم کے سندیافتہ والدین رکن بنیں

والدین اور سرپرست IEP (انفرادی تعلیمی پروگرام) ٹیم کے سند یافتہ والدین رکن ہوتے ہیں بطور ایک ایسے بچے کے والدین جسے معذوری کے حامل کی درجہ بندی میں رکھا گیا ہے۔ ارکان DOE کے ملازم نہیں ہو سکتے۔ والدین ارکان IEP اجلاس کے مباحثوں میں حصہ لیتے ہیں اور معلوم یا مشتبہ معذوری کے حامل طلباء و طالبات کے ایسے اہلِ خانہ کو معاونت فراہم کرتے ہیں جو ان کی حاضری کی درخواست کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، IEP کے والدین رکن کی تربیت کے صفحے پر جائیں (http://schools.nyc.gov/Academics/SpecialEducation/FamilyResources/ParentIEPMemberTraining/default.htm).

## اسکول کی قیادت ٹیم

اسکول کی قیادت ٹیم (http://schools.nyc.gov/Offices/FACE/ParentLeader/SchoolLeadership.htm) (SLT) اسکول پر مبنی فیصلہ سازی اور ایک اشتراکی اسکولی ثقافت کی ترقی کے لیے ایک ڈھانچہ فراہم کرتی ہے۔ SLT کے ارکان اپنے اسکول کے لیے تعلیمی پالیسیاں تیار کرتے ہیں اور وسائل کو ان پالیسیوں سے ہم آہنگ کرتے ہیں۔ SLTs ایک اسکول کے تعلیمی پروگراموں اور ان کے طالب علم کی کامیابی پر اثر کی متواتر تخمینہ کاریاں اور تشخیصیں کرتے ہیں۔ ہر اسکول میں SLT والدین اور عملے پر مشتمل ہوتی ہے اور کم از کم مہینے میں ایک بار اس کا اجلاس ہوتا ہے۔

## صدور کی کونسل

صدور کی ایک کونسل (http://schools.nyc.gov/Offices/FACE/ParentLeader/DistrictLeadership.htm) PA/PTA صدور (یا ان کے نامزد کردہ افراد) کی ایک تنظیم ہے جو والدین اور والدین کی قیادتی تنظیموں کے مفادات کی نمائندگی کرتی ہے۔ ہر کمیونٹی اسکولی ضلع کے لیے صدور کی ایک کونسل ہونا درکار ہے۔ ہر برو کے لیے اپنے ہائی اسکولوں کے لیے صدور کی ایک کونسل ہونا درکار ہے۔ شہر پیما خاص تعلیم کے اسکولوں (ضلع 75) کی شہر پیما کی صدور کی کونسل ہوتی ہے۔

## ضلعی قیادت ٹیمیں

ضلع کی صدور کی کونسل کے صدور ضلعی قیادت ٹیم (DLT) کے با ضابطہ رکن ہوتے ہیں (http://schools.nyc.gov/Offices/FACE/ParentLeader/DistrictLeadership.htm). ضلعی قیادت ٹیمیں اپنے اضلاع میں اسکولوں کے لیے جامع تعلیمی منصوبوں کا جائزہ لیتی ہیں اور ضلع بھر کے منصوبے تیار کرتی ہیں۔ وہ اسکول کی قیادت ٹیموں کو رہنمائی اور مدد بھی فراہم کرتی ہیں۔

## اجتمائی تعلیمی کونسل

32 اجتمائی تعلیمی کونسلیں (http://schools.nyc.gov/Offices/CEC/) (CECs) ضلعی سطح پر والدین کی شمولیت میں مدد کرتی ہیں اور نیویارک شہر کے پبلک اسکولوں میں تعلیمی پالیسیوں کی تشکیل میں ایک بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ CECs میں کُل 12 ارکان ہوتے ہیں: کنڈرگارٹن تا آٹھویں گریڈ میں طلباء و طالبات کے نو والدین (دو نشستیں ایک ELL کے والدین اور ایک IEP طالب علم کے والدین کے لیے مخصوص ہوتی ہیں)، دو ارکان برو کے صدر کی جانب سے مقرر کیے جاتے ہیں، اور ایک ووٹ نہ ڈالنے والا ہائی اسکول کا طالب علم ہوتا ہے۔ ہر اسکولی ضلع کی ایک CEC ہوتی ہے۔

## شہر پیما تعلیمی کونسلیں

پورے شہر کی چار تعلیمی کونسلیں شہر کی سطح پر والدین کی شمولیت میں مدد کرتی ہیں، جو ایک مخصوص آبادی کی حمایت کرتے ہیں۔ پورے شہر کی چار کونسلیں یہ ہیں: شہر پیما کونسل برائے ہائی اسکول، شہر پیما کونسل برائے خاص تعلیم، شہر پیما کونسل برائے انگریزی زبان کے متعلمین، اور شہر پیما کونسل برائے ضلع 75۔ CECs کی طرح، ان کونسلوں میں سے ہر ایک میں 12 ارکان ہوتے ہیں، (ماسوائے شہر پیما ہائی اسکول کی کونسل جس میں 14 ارکان ہوتے ہیں) اور ان کا ماہانہ اجلاس ہوتا ہے۔ اجتمائی تعلیمی کونسل کے ارکان کا ہر دو سال بعد انتخاب ہوتا ہے۔ پورے شہر کی ہر کونسل کے دو والدین ارکان ہوتے ہیں جن کا تقرر سرکاری وکیل کی جانب سے ہوتا ہے نیز ایک ووٹ نہ ڈالنے والا طالب علم رکن ہوتا ہے۔ والدین کے انتخاب اور تقرریاں ہر دو سال بعد کی جائیں گی۔ مزید معلومات کے لیے، اور کونسل کا ایک رکن بننے کی درخواست دینے کے لیے، اجتمائی اور شہر پیما تعلیمی کونسل کے ویب پیجز پر جائیں (http://schools.nyc.gov/Offices/CEC/).

## پینل برائے تعلیمی پالیسی

پینل برائے تعلیمی پالیسی (http://schools.nyc.gov/AboutUs/leadership/PEP/) شہر بھر کا ایک بورڈ ہے جو محکمۂ تعلیم کو سنبھالتا ہے۔ یہ 13 مقرر کردہ ارکان اور چانسلر پر مشتمل ہوتا ہے۔ ہر برو کا صدر ایک رکن کو تقرر کرتا ہے اور میئر آٹھ ارکان کو تقرر کرتا ہے۔ یہ اسکول کی جگہ کے استعمال، معاہدوں، اور چانسلر کے ضوابط میں ترامیم جیسے امور پر غور کرتا ہے۔

## چانسلر کی والدین کی مشاورتی کونسل

چانسلر کی والدین کی مشاورتی کونسل (CPAC) ہر صدور کونسل کے صدر (یا ایک نامزد کردہ فرد) پر مشتمل ہوتی ہے۔ اس کمیٹی کا ماہانہ اجلاس ہوتا ہے اور یہ والدین قیادت کو درپیش شہر پیما مسائل پر گفتگو کرتی ہے۔

NYC Department of Education